بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

Share

BOSE 公式オンラインストア
www.bose.co.jp
オーディオ、ヘッドホンの直販サイト 送料無料、当日発送も可能。

امریکا کا پاکستان کو ایک ارب 60 کروڑ ڈالر کی فوجی و اقتصادی امداد خاموشی سے جاری کرنیکا فیصلہ

تعلقات اس قدر بہتر ہوگئے ہیں کہ امداد بحال کردی جائے، رقم کی فراہمی کا سلسلہ نئے سال کے آغاز میں شروع کردیا جائے گا، کانگریس نے زیادہ تر رقم کلیئر کردی، امریکی حکام

دہشت گردی کیخلاف صلاحیتیں بڑھانے کیلئے پاکستان کی مدد کرنا چاہتے ہیں، امریکی محکمہ خارجہ اور یو ایس ایڈ نے جولائی اور اگست میں کانگریس کو منصوبے سے آگاہ کیا

واشنگٹن (اے پی) امریکا نے پاکستان کو ایک ارب 60/ کروڑ ڈالر کی فوجی اور اقتصادی امداد خاموشی سے جاری کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ امریکی حکام کا کہنا ہے کہ پاکستان اور امریکا کے تعلقات اب اس قدر بہتر ہوگئے ہیں کہ پاکستان کی امداد بحال کردی جائے، رقم کی فراہمی کا سلسلہ نئے سال کے آغاز میں شروع کردیا جائے گا، کانگریس نے زیادہ تر رقم کلیئر کردی۔ امریکی محکمہ خارجہ اور یو ایس ایڈ نے جولائی اور اگست میں کانگریس کو اپنے منصوبے سے آگاہ کیا تھا کہ وہ دہشت گردی کے خلاف صلاحیتیں بڑھانے کیلئے پاکستان کی مدد کرنا چاہتے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ہفتہ کو امریکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ میں کہا گیا کہ پاکستان اور امریکا کے درمیان تعلقات میں اتار چڑھاؤ اور امداد کی معطلی کے بعد امریکا نے خاموشی سے پاکستان کی فوجی اور اقتصادی امداد بحال کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ رپورٹ میں امریکی حکام اور کانگریس کے ارکان کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ امریکا نے اسامہ بن لادن کے خلاف آپریشن اور سلالہ چیک پوسٹ حملے کے بعد دونوں ممالک کے درمیان تعلقات خراب ہونے کے بعد معطل کی جانے والی امداد بحال کرنے کا اصولی فیصلہ کیا ہے اور اس مد میں امریکا پاکستان کو ایک ارب 60/ کروڑ ڈالر فراہم کرے گا جو فوجی اور اقتصادی کاموں میں خرچ کی جائیگی اور اس حوالے سے کانگریس نے اجازت بھی دیدی ہے۔ خبر ایجنسی کے مطابق امریکی حکام نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ پاکستان کی جانب سے دھماکا خیز مواد کی تیاری کے عمل کو جڑ سے اُکھاڑ پھینکنے کے عزم کا اظہار کیا گیا ہے اور امداد کی بحالی کا فیصلہ کسی ایک واقعے کے بعد نہیں کیا گیا بلکہ یہ مسلسل جدوجہد کا نتیجہ ہے۔ رپورٹ کے مطابق افغانستان کیلئے امریکی اور نیٹو سپلائی کے راستے کھل گئے ہیں، متنازع امریکی ڈرون حملوں میں کمی آئی ہے اور پاکستان نے حالیہ دنوں میں اسٹریٹجک مذاکرات شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ وزیراعظم نواز شریف امریکہ کے دورہ پر ہیں اور آئندہ ہفتے امریکی صدر اوباما سے ملاقات کریں گے۔ امریکی حکام نے بتایا کہ کانگریس نے زیادہ تر رقم کلیئر کردی ہے اور آئندہ سال کے آغاز میں ہی اس کی فراہمی شروع ہوجائیگی۔ دیگر فنڈز میں پاکستانی قانون نافذ کرنیوالے اداروں، ڈیم کی تعمیر سمیت مختلف معاملات میں پاکستان کی مدد کیلئے فنڈ شامل ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ حالیہ برسوں میں پاکستان اور امریکا کے درمیان تعلقات کشیدہ رہے ہیں، کئی مہینوں تک امریکی کنٹریکٹر ریمنڈ ڈیوس کے معاملے پر قانونی جنگ چھڑی رہی پھر امریکا نے ایبٹ آباد میں آپریشن کرکے اسامہ بن لادن کو ہلاک کردیا۔ 24 پاکستانی فوجی شہید ہوگئے۔ ان واقعات نے پاکستان کے غصے کو آواز دی اور پاکستان نے افغانستان میں نیٹو سپلائی کے راستے بند کردیئے جس کے بعد 7 ماہ بعد امریکا نے معافی مانگی۔

ShareThis

آج کا اخبار پڑھئے